**MZK / Hamid**

**08-10-2023**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

**(Music)**

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

☆ اچانک سیلاب سے متاثرہ سکم میں نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے بین وزارتی کمیٹی آج ریاست کا دورہ کرے گی اور امداد فراہم کرے گی۔وہاں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 30 ہوگئی ہے جبکہ 81 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔

☆ GST کونسل نے کہاہے کہ ٹیکس دہندگان اگلے سال جنوری تک پچھلے مالی سال کیلئے ڈیمانڈآرڈرس کے خلاف اپیل دائر کرسکتے ہیں۔

☆ بھارتی فضائیہ آج اپنی 91ویں یوم تاسیس کے موقع پراپنے نئے نشان کی نقاب کشائی کرے گی۔

☆ اسرائیل نے حماس کے حملے کے بعد جوابی کارروائی میں آپریشن Swords of Iron شروع کیا ہے جبکہ حماس کے حملے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 300 ہوگئی ہے۔ وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ بھارت اسرائیل کے ساتھ یکجہتی کااظہار کرتا ہے۔

☆ افغانستان میں چھ اعشاریہ تین کی شدت کے زلزلے میں کم ازکم 120 افراد ہلاک اور ایک ہزار زخمی ہوگئے۔

☆ ICC عالمی کپ میں آج بھارت کا مقابلہ دوپہر دو بجے چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں آسٹریلیا سے ہوگا۔

**(Music)**

اب خبریں تفصیل سے۔

**Sikkim Flood**

ایک بین وزارتی کمیٹی آج سکم کا دورہ کرے گی جہاں وہ نقصانات کا جائزہ لے گی اور امداد فراہم کرے گی جبکہ ریاست کے آفات کے بندوبست سے متعلق اتھارٹی نے تصدیق کی ہے کہ شمالی سکّم میں Lhonak جھیل میں گلیشیر ٹوٹنے کے بعد اچانک سیلاب سے متاثر سکّم میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 30 ہوگئی ہے، ان میں 9 بھارتی فوجی اہلکار بھی شامل ہیں۔ 81 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ تیستا دریا میں اچانک سیلاب اِس ماہ کی چار تاریخ کو آیا تھا۔ مجموعی طور پر ایک ہزار 320 مکانوں کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ اب تک دو ہزار 563 لوگوں کو بچایا گیا ہے۔ 30 راحتی کیمپوں میں تقریباً سات ہزار 25 افراد نے پناہ لی ہوئی ہے۔ تیستا دریا کے طاس میں اچانک سیلاب کی وجہ سے 13 مکانات بہہ گئے ہیں۔ کل امور داخلہ کے وزیرمملکت اجے کمار مشرا نے گنگٹوک میں Tashiling سکریٹریٹ میں چیف سکریٹری دیگر محکموں، فوج اور دیگر تنظیموں کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی تھی۔ میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے جناب مشرا نے کہاکہ مرکزی سرکار سکم کے حالات

پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے اور ریاست کو ہر طرح کی ضروری امداد فراہم کی جارہی ہے۔

انہوں نے کہاکہ وزیراعظم اور وزیر داخلہ سکّم کے وزیراعلیٰ کے ساتھ مسلسل رابطے میں ہیں۔

انہوں نے بتایا کہ مرکزی حکومت نے زراعت، سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں، جل شکتی، توانائی اور مالیہ کے سینئر افسروں پر مشتمل ایک بین وزارتی کمیٹی تشکیل دی ہے جہاں وہ حقیقی صورتحال کا جائزہ لینے کے علاوہ نقصانات کا اندازہ لگائے گی اور امداد فراہم کرے گی۔

جناب مشرا نے بتایاکہ مرکزی حکومت نے 2023-24 کیلئے NDRF اور SDRF کیلئے مختص کیے گئے بجٹ کی پیشگی رقم منظور کردی ہے تا کہ ریاست میں فوری راحت اور بچاؤ اور بحالی کی کارروائیاں انجام دی جاسکیں۔ انہوں نے یقین دلایا کہ مرکزی حکومت حالات کو معمول پر لانے کیلئے کوئی کسر باقی نہیں رکھے گی۔ x

## GST Amnesty

52 ویں GST کاؤنسل نے کل ایمنسٹی اسکیم کو منظوری دی جس کے تحت ٹیکس افسران کی جانب سے مارچ 2023 تک جاری کئے گئے ڈیمانڈ آرڈرس پر ٹیکس دہندگان 31 جنوری 2024 تک اپیل کرسکتے ہیں۔

GST قانون کے مطابق ٹیکس دہندگان انہیں ٹیکس افسران کی جانب سے جاری کئے گئے آرڈرس پر تین مہینوں میں اپیل دائر کرسکتے ہیں۔ اس مدت میں ایک مہینے کی توسیع ہوسکتی ہے۔

اس فیصلے سے ٹیکس دہندگان کی بڑی تعداد کو فائدہ پہنچے گا جو مقررہ مدت میں اپیل دائر نہیں کرپائے۔

GST کاؤنسل نے GST رجسٹرڈ کاروباری کو بھی مانگے گئے ٹیکس کی ساڑھے بارہ فیصد پیشگی رقم جمع کرانے کے بدلے اضافی مہلت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ یہ رقم اب تک دس فیصد ہوا کرتی تھی۔

ایک اور تجارتی راحت کے قدم کے طور پر GST کاؤنسل نے GST قوانین میں تبدیلی کرتے ہوئے عارضی طور پر مربوط املاک کو ایک سال مکمل ہونے پر ریلیز کردیا جائے گا۔

GST قوانین کے تحت ٹیکس کی عدم ادائیگی کی صورت میں ٹیکس افسران بینک کھاتوں سمیت عارضی طور پر املاک کو منسلک کرسکتے ہیں۔

52ویں GST کاؤنسل کی میٹنگ کے اختتام کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے وزیرخزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ میٹنگ کے دوران کئی اہم فیصلے لئے گئے جن میں GST اپیل ٹریبونل، موٹے اناج اور گُڑ پر GST سے متعلق فیصلے شامل ہیں۔ محترمہ سیتارمن نے کہا کہ GST کاؤنسل نے گُڑ پر عائد GST کو 28 فیصد سے گھٹاکر پانچ فیصد کرنے کا فیصلہ کیاہے جس سے گنے کے کسانوں کو فائدہ پہنچے گا۔

وزیرخزانہ نے مزید کہا کہ خوردہ طور پر فروخت کئے جانے والے آٹے جو 70 فیصد موٹا اناج پر مبنیا ہو، پر کوئی GST عائد نہیں ہوگا۔ محترمہ سیتارمن نے واضح کیا کہ اگر یہی آٹا پیکنگ اورلیبلنگ کے بعد فروخت ہوگا تواس پر پانچ فیصد GST نافذ ہوگا۔

## Indian Air Force

بھارتی فضائیہ اپنے 91ویں یوم تاسیس کے موقع پر اترپردیش کے بمرولی میں ایک Ceremonial Parade کا انعقاد کرے گی اور پریاگ راج میں Ordnance Depot Fort کے سنگم علاقے میں فضائی کرتب دکھائے گی۔

اترپردیش کی گورنر آنندی بین پٹیل اس تقریب میں مہمان خصوصی ہوں گی۔ ریاست کے صنعتی ترقی کے وزیر نندگوپال گپتا نندی، چیف آف ایئرفورس اسٹاف، ایئرچیف مارشل وی آر چودھری، چیف آف ڈیفنس اسٹاف جنرل انل چوہان، سینٹرل ایئر کمانڈر کے جنرل آفیسراِن کمانڈ، ایئر مارشل RGK Kapoor اور دیگر معزز مہمان بھی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔آ کاشوانی کے ہمارے نامہ نگار نے بتایا کہ بھارتی فضائیہ آج ایئرفورس ڈے پریڈ میں اپنے نئے نشان کی نقاب کشائی کرے گی۔

بمرولی ایئرفورس اسٹیشن پر Cermonial Parade میں فضائی جانبازوں کی مارچنگ کریں گے اور پوری توانائی کے ساتھ قدم سے قدم ملاکر چلیں گے۔ SKY Para Jumpers شاندار فضائی کرتب دکھائیں گے اور لوگوں میں جوش وجذبہ پیدا ہوگا۔ پہلی بار

خواتین اگنی ویروں کی بٹالین بھی پریڈ میں حصہ لے گی۔
فضائی کرتب میں 100 سے زیادہ پائلٹس اور رافیل فائٹر جیٹس اور ہیلی کاپٹرس سمیت ٹرانسپورٹ ائرکرافٹ بھی بھارتی فضائی کی طاقت کا مظاہرہ کریں گے۔

**Public Outreach Program**

بھارتی صنعتوں کے مرکزی وزیر مہندرا ناتھ پانڈے نے کل جنوبی کشمیر میں پلوامہ کا دورہ کیا جس کا مقصد مرکزی حکومت کے ذریعہ خطے کی ترقی اور تعاون کو فروغ دینے کے عزم کی عکاسی ہے۔ یہ دورہ عوام تک پہنچنے کے ایک پروگرام کا حصہ ہے جس کا آغاز مختلف پروجیکٹوں افتتاحی تقریب کی ایک جائزہ میٹنگ کے ساتھ ہوا تھا۔
ڈاکٹر پانڈے نے تمام اسکیموں کی پیشرفت اور ضلع میں مختلف اسکیموں تک عوام کی رسائی پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مرکز اس بات کو یقینی بنانے پر توجہ مرکوز کررہا ہے کہ مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں وکشمیر کے عوام کو بہترین خدمات اور فوائد حاصل ہوں اور پلوامہ ضلع میں سبھی سہولیات مہیا کرائی جائیں۔

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**Israel Hamas**

مشرق وسطی میں اہم پیش رفت کے تحت، فلسطینی جنگجو گروپ حماس نے کل جنوبی اور وسطی اسرائیل میں راکٹوں کی بوچھارکردی۔ اس زبردست اور غیرمتوقع حملے میں 250 لوگ مارے گئے اور ڈیڑھ ہزار افراد زخمی ہوگئے۔
اسرائیل کی حفاظتی فورسز نے حماس کے تباہ کن حملوں کے جواب میں آپریشن Swords of Iron شروع کردیا ہے جس کے تحت انہوں نے غزہ پٹی میں واقع حماس کے سترہ فوجی ٹھکانوں اور چار کمان سینٹروں پر ہوائی حملے کئے ہیں۔ ان حملوں میں 230 افراد کی موت ہوئی ہے۔
حملوں پر اپنا ردعمل ظاہر کرتے ہوئے اسرائیل کے وزیراعظم بنجامن نیتن یاہو نے کہا کہ اسرائیل حالت جنگ میں داخل ہوچکا ہے۔یتن یاہو نے کہاکہ وہ اس جنگ کوجیتیں گے۔ نیتن یاہو نے مزید کہا کہ حماس کو اس حملے کی بھاری قیمت چکانی پڑے گی۔ اسرائیل کے صدر Isaac Herzog نے بھی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے حماس کو دہشت گرد تنظیم قرار دیا اور ایران پرحملوں کی حمایت کرنے کا الزام عائد کیا۔
رپورٹس کے مطابق اسرائیل کی شعار ہنیگیو مقامی کاؤنسل کے میئر Ofir Liebstein کی بھی راکٹ حملوں میں موت ہوگئی ہے۔ سرکاری ذرائع کے مطابق اسرائیلی ذرائع ابلاغ نے خبردی ہے کہ ان حملوں میں کئی اسرائیلیوں کو یرغمال بھی بنالیاگیاہے۔
اس بیچ عالمی رہنماؤں نے حماس کے دہشت گردوں کی جانب سے اسرائیل پر حملے کی مذمت کی ہے۔ وزیراعظم نریندرمودی نے اسرائیل کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیاہے اور کہا ہے کہ بھارت کی دعائیں حملوں کے متاثرین اور ان کے اہل خانہ کے ساتھ ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیراعظم مودی نے کہا کہ انہیں اسرائیل میں دہشت گرد حملوں سے جھٹکا لگا ہے۔ وزیراعظم مودی نے کہا کہ بھارت اس مشکل گھڑی میں اسرائیل کے ساتھ ہے۔
امریکہ کے صدر جوبائیڈن نے کہا کہ دہشت گردی کا کوئی جواز نہیں ہوسکتا اور واشنگٹن، اسرائیل کی حکومت اور عوام کے ساتھ کھڑا ہے۔ جناب بائیڈن اسرائیل کے وزیراعظم سے بات کی اور انہیں اپنی جانب سے حمایت کی یقین دہانی کراتے ہوئے کہاکہ اسرائیل کو اپنے دفاع کا پورا حق حاصل ہے۔ برطانوی وزیراعظم رشی سنک نے بھی ان حملوں پر صدمے کا اظہار کیاہے۔

## MEA Advisory Israel

بھارت نے اسرائیل میں اپنے شہریوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اسرائیل پر حماس کے دہشت گردانہ حملے کے پیش نظر انتہائی چوکسی برتیں اور پوری طرح محتاط رہیں۔ اسرائیل میں بھارتی سفارتخانے نے بھارتی شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ غیرضروری گھومنے پھرنے سے گریز کریں اور محفوظ پناہ گاہوں کے آس پاس ہی رہیں۔ ہنگامی صورتحال کی صورت میں سفارت خانے کے ساتھ ٹیلی فون نمبر

نو-سات-دو-تین-پانچ-دو-دو-چھ-سات-چار-آٹھ

پر رابطہ قائم کیا جا سکتا ہے۔ اور

Cons1.telaviv@mea.gov.in

پر بھی پیغام بھیجاجاسکتا ہے۔

اس دوران فلسطین میں بھارت کے نمائندہ دفتر نے رملا میں سبھی بھارتی شہریوں سے کہا ہے کہ وہ ہنگامی یا کسی بھی طرح کی امداد کی صورت میں ان کے دفتر سے براہ راست رابطہ کریں۔ نمائندہ دفتر نے ایک 24 گھنٹے کا ایمرجنسی ہیلپ لائن بھی فراہم کیاہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں فلسطین میں بھارت کے نمائندہ دفتر نے موجودہ سلامتی کی صورتحال کے پیش نظر فلسطین میں بھارتی شہری بھارت کے نمائندہ دفتر سے 24 گھنٹے ایمرجنسی ہیلپ لائن

Jawwal: 0592-916418

وہاٹس ایپ +970-59291641

پرکسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے یاامداد کی صورت میں براہ راست رابطہ کرسکتے ہیں۔

## Israel Modi

ایکس پر وزیراعظم نریندرمودی کے بیان کے جواب میں بھارت میں اسرائیل کے سفیر Naor Gilon نے کہا ہے شکریہ @ PM India ۔ بھارت کی اخلاقی حمایت قابل تعریف۔

اسرائیل پر حماس کے حملے پر اسرائیل کے قونصل جنرل Kobbi Shoshani نے وزیراعظم نریندرمودی کا شکریہ ادا کیا جو ایک عالمی لیڈر ہیں اور ہمارے لئے ایک اہم دوست اور بھائی کی حیثیت رکھتے ہیں۔

## Afghanistan Quake

افغانستان میں کل ایرانی سرحد کے نزدیک ملک کے مغربی حصے میں آئے ایک طاقتور زلزلے میں کم از کم 120 افراد ہلاک ہوگئے۔ صوبے کی آفات سے نمٹنے والی اتھارٹی کے سربراہ موسیٰ اشہری نے نامہ نگاروں کو بتایاکہ طاقتور زلزلے کی وجہ سے خواتین بچوں اور بزرگوں سمیت ایک ہزار سے زیادہ لوگ زخمی ہوئے ہیں۔

## ASIAN GAMES

چین کے ہانگزو میں بھارت کے کھلاڑیوں کی تاریخی اور شاندار کارکردگی اور کامیابی کے ساتھ ایشیائی کھیل کود مقابلے اختتام پذیر ہوگئے۔ بھارتی دستے نے سونے کے 28 چاندی کے 38 اور کانسے کے 41 تمغوں سمیت مجموعی طور پر 107 تمغے حاصل کرنے کے ساتھ اِس بار 100 پار کے اپنے عزم کو برقرار رکھتے ہوئے اپنی مہم کا اختتام کیا۔

## CRICKET WORLD CUP

آج عالمی کرکٹ کپ کے پانچویں میچ میں بھارتی ٹیم آسٹریلیا کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ یہ میچ چنئی میں ایم اے چدامبرم اسٹیڈیم میں بھارتی وقت کے مطابق دوپہر دو بجے شروع ہوگا۔

اس سے پہلے کل نئی دلّی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں جنوبی افریقہ نے سری لنکا کو 102 رن سے ہرادیا۔

یہ تھی خبریں۔

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......ضمیرالدین رضوی

شکریہ - آسیہ

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخبارات نے ہانگزو میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت کے اب تک 107 تمغے جیتنے کی خبر کو اپنی شہ سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ انقلاب کی شہ سرخی ہے، ایشیائی کھیلوں میں بھارت کا تاریخی کارنامہ،تمغوں کی فہرست سنچری سے پار، بھارتی مردوں کی کرکٹ ٹیم اور ستوک-چراغ کی جوڑی نے بھی جیتا سونے کا تمغہ۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے حماس کے حملے کے بعد اسرائیلی وزیراعظم کے اعلان جنگ کی خبر کو صفحہ اول پر شائع کیا ہے۔ ساتھ ہی اخبار نے وزیراعظم نریندر مودی کا اسرائیل کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنے کی خبر بھی اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ پرتاپ نے نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کے زراعت میں تبدیلیوں کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے اس بیان کو نمایاں طور پر پیش کیا ہے۔ کسانوں کو تبدیلی کا مرکزی نقطہ ہونا چاہیے۔

ہندوستان ایکسپریس نے وزیراعظم مودی کے اس بیان کو اہم خبر بنایا ہے۔ سوامی ناتھن نے کساوں کی خوشحالی اور مضبوط زرعی نظام کیلئے اپنی زندگی صرف کردی۔

عالمی خبروں میں اخبار مشرق نے افغانستان میں چھ اعشاریہ تین شدت کے زلزلے اور 130 افراد کے ہلاک اور ایک زخمی ہونے کی خُر کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

راشٹریہ سہارا کی ایک اہم خبر ہے،سعودی عرب میں 21 سال سے کم عمر ملازم رکھنے پر پابندی۔ x

## آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

- ☆ اچانک سیلاب سے متاثرہ سکم میں نقصانات کا جائزہ لینے کیلئے بین وزارتی کمیٹی آج ریاست کا دورہ کرے گی اور امداد فراہم کرے گی۔وہاں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 30 ہوگئی ہے جبکہ 81 افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔
- ☆ GST کونسل نے کہاہے کہ ٹیکس دہندگان اگلے سال جنوری تک پچھلے مالی سال کیلئے ڈیمانڈآرڈرس کے خلاف اپیل دائر کرسکتے ہیں۔
- ☆ بھارتی فضائیہ آج اپنی 91ویں یوم تاسیس کے موقع پراپنے نئے نشان کی نقاب کشائی کرے گی۔
- ☆ اسرائیل نے حماس کے حملے کے بعد جوابی کارروائی میں آپریشن Swords of Iron شروع کیا ہے جبکہ حماس کے حملے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 300 ہوگئی ہے۔ وزیراعظم نریندرمودی نے کہا ہے کہ بھارت اسرائیل کے ساتھ یکجہتی کااظہار کرتا ہے۔
- ☆ افغانستان میں چھ اعشاریہ تین کی شدت کے زلزلے میں کم ازکم 120 افراد ہلاک اور ایک ہزار زخمی ہوگئے۔
- ☆ ICC عالمی کپ میں آج بھارت کا مقابلہ دوپہر دو بجے چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں آسٹریلیا سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------